پیداوار، معیار اور جدت کے 2025 اقدام کے تحت

# چھوٹے اور درمیانے درجے کے صنعتی اداروں کے لیئے کسی بھی معیار کی تصدیق اور توثیق کے حصول کیلیئے مالی معاونت کا پروگرام

## معیار کی تصدیق اور توثیق سوچیئے، کاروبار میں سہولت اور صارف کے اعتماد کے لئے

CE
BRC GLOBAL STANDARDS
GMP GOOD MANUFACTURING PRACTICE
GLOBAL ORGANIC TEXTILE STANDARD · GOTS ·
OEKO-TEX® CONFIDENCE IN TEXTILES STANDARD 100



International Organization for Standardization ISO 9001
ENVIRONMENTAL MANAGEMENT SYSTEM ISO 14001
International Organization for Standardization ISO 13485
Hazard-Analysis HACCP Critical-Control-Point
Sedex Empowering responsible supply chains
Food Safety System Certification 22000
BSCI Business Social Compliance Initiative

حکومت پاکستان
وفاقی وزارت سائنس و ٹیکنالوجی
اسلام آباد

# پیداوار، معیار اور جدت کے 2025 کے اقدام کے تحت

## چھوٹے اور درمیانے درجے کے صنعتی اداروں کے لیے کسی بھی سرٹیفکیشن کی تصدیق اور توثیق کے حصول کے لیے مالی معاونت کا پروگرام

### پس منظر:

پاکستان میں، تقریباً 32 لاکھ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے (SMEs) موجود ہیں جن میں سے پانچ فیصد سے بھی کم (SMEs) کے پاس کوئی سرٹیفکیشن سسٹم موجود ہے تاہم، باضابطہ شعبے میں بڑے کاروباری اداروں کے برعکس، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے (SMEs) اپنے مالی اور دیگر وسائل کی وجہ سے مجبور ہیں۔ اور تاحال کسی مربوط معیار کی تصدیق کے نظام کا حصہ نہیں بن سکے۔ (SMEs) کی یہ موروثی خصوصیت کسی ایسے طریقہ کار کی متقاضی ہے کہ جس کے ذریعے سے کاروبار اور انسانی وسائل کی تربیت اور ترقی میں معاونت مل سکے۔

نجی شعبہ ہمیشہ ترقی کا اہم محرک رہا ہے۔ پیداوار، استعداد کار اور قدر میں اضافے کے ذریعے مسابقتی عمل پر مبنی نئی معیشت کی ترقی پاکستان وژن 2025 کے اہم ستونوں میں سے ایک ہے۔ مسابقت سے مراد معیاری مصنوعات اور خدمات کو مؤثر اور منافع بخش طریقے سے تیار کرنے اور فراہم کرنے کی صلاحیت ہے۔ وژن 2025 قومی مسابقت کے عزم میں سرمایہ کاری، مقابلے کی فضاء کا قیام اور خاص طور پر مہارتوں کے فروغ، جدید ٹیکنالوجیز اور ملک کی معاشی ترقی کے لیے بین الاقوامی منڈیوں میں شمولیت اور رسائی پر زور دیتا ہے۔ اس تناظر میں، سائنس اور ٹیکنالوجی کے شعبوں سے بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر بحالی اور ملکی ترقی لانا ضروری امر ہے۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) کی معاونت کے لیے نجی شعبوں کو مراعات دینا وقت کا تقاضہ ہے تاکہ وہ ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کر سکیں گے۔

### پراجیکٹ کے بنیادی مقاصد

1. 2050 تک چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) کو اپنے کاروبار سے متعلقہ شعبوں میں تصدیق اور توثیق کے عمل کو رواج دینے کے لیے مالی معاونت فراہم کرنا
2. Handholding سکیم کے تحت بلوچستان اور کم ترقی یافتہ علاقوں کی (SMEs) کی حوصلہ افزائی اور ملک کے دوسرے شہروں کی (SMEs) کے ہم پلہ کرنے کے لئے اُن کی تصدیق اور توثیق اور مالی معاونت فراہم کرنا
3. تصدیق اور توثیق کے مختلف نظام قائم کرنے اور چلانے کے لئے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) کے لئے تربیتی پروگراموں کا انعقاد کرنا
4. عالمی سپلائی کے نظام میں پاکستانی تاجروں کی مسابقت اور پائیداری کو بہتر بنانے کے لئے مدد کرنا
5. مصنوعات اور خدمات کی تکنیکی تعمیل کے لیے سہولت فراہم کرنا تاکہ درآمدی ممالک کے تکنیکی قواعد کے اُصولوں پر پورا اترا جاسکے

### تصدیق اور توثیق کی ضرورت (سرٹیفکیشن)

عالمی منڈیوں میں معیار، ماحول، تحفظ اور معاشرتی جوابدہی کے بین الاقوامی معیارات کی تعمیل عالمی سطح پر تسلیم کیے جانے والے بنیادی عناصر میں سے ایک ہے۔ مقامی اور بین الاقوامی منڈیوں میں مصنوعات کی مسابقت کے ساتھ ساتھ قیمت اور معیار کی فراہمی کے عناصر کو بھی اہمیت حاصل ہے۔ منڈی تک کامیاب رسائی اور صارفین کا اطمینان معیار کے حصول کے لیے ایک بنیادی شرط ہوتی ہے۔ عالمی منڈیوں میں اس اعتماد میں اضافہ کرنے اور مسابقت میں آگے بڑھنے کے لئے ضروری ہے کہ مصنوعات اور خدمات کے اعتراف کے لئے کوئی تصدیق اور توثیق کا مضبوط نظام قائم ہو، تاکہ متعلقہ صنعتی اور کاروباری ادارے اور دیگر حصہ دار فوری طور پر قابلِ اعتماد معیاری تصدیق اور توثیق کے عمل اور تربیتی پروگرام کے لئے اپنی کوششوں کو تیز کر سکیں۔

## پراجیکٹ کی خصوصیات

1. یہ سکیم ملک بھر کے لئے وزارت سائنس وٹیکنالوجی (MoST) کے زیر انتظام چلے گی۔
2. مذکورہ پروگرام / سکیم کے تحت صرف ایک بار درست تصدیق اور توثیق پر مالی معاونت دی جائے گی۔ معاونت صرف ایک سکیم کیلئے درخواست گزار چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) کی پسند کے مطابق فراہم کی جائے گی۔
3. اسکیم کے تحت چھوٹے اور درمیانی درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) کی ایک لاکھ سے چار لاکھ روپے تک مالی معاونت کی جائے گی۔
4. Handholding سکیم کے تحت بلوچستان اور کم ترقی یافتہ علاقوں کے صنعتی اور کاروباری اداروں کی معیاری تصدیق، توثیق اور مالی معاونت کی جائے گی۔
5. وہ رجسٹرڈ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری ادارے (SMEs) جو کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی بیان شدہ تعریف کے مطابق ہوں، درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے وضاحت کے ساتھ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) کی درجہ بندی کچھ یوں کی ہے کہ ایک ایسا ادارہ ہے جس کے پاس 50 تک افراد کام کریں اور اس کی سالانہ فروخت 15 کروڑ روپے تک ہو چھوٹا ادارہ ہے اور جس کے پاس 51 سے 250 تک افراد کام کریں نیز ان کی سالانہ فروخت 15 کروڑ سے 80 کروڑ روپے تک ہو وہ درمیانے ادارے کے زمرے میں آئے گا۔
6. اس پروگرام / سکیم کا اطلاق ان چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (SMEs) پر ہو گا جو پراجیکٹ کے دائرہ کار / شعبہ کے اندر رہتے ہوئے تصدیق اور توثیق کے سکیم پر کامیابی کے ساتھ عمل کریں گے۔

## (شامل کیے گئے ابتدائی شعبہ جات)

### غیر غذائی شعبہ جات

- ٹیکسٹائل (کپڑے) اور چمڑے کی صنعت
- بجلی اور بجلی کے آلات
- صحت، خوبصورتی اور میک اپ کا سامان
- قیمتی پتھر، زیورات بنانے کا سامان
- معدنیات اور دھات
- سنگ مرمر اور سنگ خارا
- قالین سازی، دریاں اور شامیانے
- آلات جراحی و دنداں سازی
- کھیلوں کا سامان
- تیار شدہ کپڑے
- دوا سازی اور کیمیکلز
- مشینیں اور خود کار آلات
- اشیائے صرف
- انجینئرنگ اشیاء
- مصنوعی ٹیکسٹائل
- پلاسٹک کی مصنوعات

### غذائی شعبہ جات

- چاول، گندم، دلیہ وغیرہ
- مال مویشی اور دودھ
- خوراک اور حلال خوراک
- آبی نباتات اور اشیاء
- زراعت اور جڑی بوٹی اشیاء

### خدمات کے شعبہ جات

- معیار اور تصدیق
- توثیق
- تصدیق اور توثیق

## چھوٹے اور درمیانے درجے کے صنعتی اداروں کے لیئے کسی بھی معیار کی تصدیق اور توثیق کے حصول کیلیئے مالی معاونت کا پروگرام

تصدیق اور توثیق کے مراعاتی پروگرام کی اسکیم کے تحت مندرجہ ذیل معیارات کا اطلاق ہوگا۔

| S. No | Standard | Rate (PKR) | S. No | Standard | Rate (PKR) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | ISO 9001(QMS) | 100,000 | 17. | ISO 13485 | 400,000 |
| 2. | ISO 14001 (EMS) | 100,000 | 18. | BSCI | 400,000 |
| 3. | ISO 45001 (OH&S) | 100,000 | 19. | REACH | 400,000 |
| 4. | FSSC 22000 / ISO 22000 | 300,000 | 20. | WRAP | 400,000 |
| 5. | Energy Management System (ISO 50001) | 400,000 | 21. | Oeko-TEX 100 / GOTS | 400,000 |
| 6. | HACCP | 300,000 | 22. | Integrated Certification (Combination of at least two Certifications, listed at S.No 1-3) | 250,000 |
| 7. | HALAL Certification (PS 3733/ PS 4992) | 300,000 | 23. | Product Conformity Certification Marks (Regional & International) etc. | 300,000 |
| 8. | Global GAP | 300,000 | 24. | Sector Specific Code of Conduct (CoC) | 200,000 |
| 9. | Good Manufacturing Practices (GMP) | 300,000 | 25. | ISO / TS 16949 (Auto Industry) | 400,000 |
| 10. | CE Marking | 400,000 | 26. | Organic Certification | 400,000 |
| 11. | Product Conformity Certification Marks (Local) | 200,000 | 27. | Fair Wild Certification | 400,000 |
| 12. | ISO 17025 / ISO 15189 | 300,000 | 28. | Leather Working Group (LWG) | 400,000 |
| 13. | SA 8000 | 400,000 | 29. | Alliance for Water Stewardship (AWS) | 400,000 |
| 14. | BRC | 400,000 | 30. | IECEE CB Certification | 400,000 |
| 15. | SEDEX | 400,000 | 31. | Any other Certification system along with cost (Up to Rs. 0.40 million) subject to approval by the PSC | 400,000 |
| 16. | ISO 17020 (Accreditation of Inspection Bodies) | 300,000 | | | |

### تصدیق اور توثیق کی مراعاتی گرانٹ کیلیئے درخواست دینے کا طریقہ

1۔ مالی معاونت کے لیئے درخواست فارم پراجیکٹ کی ویب سائٹ www.cipmost.gov.pk اور وزارت سائنس وٹیکنالوجی حکومتِ پاکستان کی ویب سائٹ (www.most.gov.pk) سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ فارم تکمیل اور اپنی متعلقہ ایسوسی ایشن سے تصدیق کے بعد بھیجنا لازمی ہے۔

2۔ درخواست گزار کمپنی/فرم کو چاہیئے کہ وہ درخواست فارم اور ہدایات کو بغور اور احتیاط سے پڑھیں۔

3۔ تمام مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ مکمل کردہ درخواست فارم درج ذیل پتہ پر ڈاک یا کوریئر کے ذریعے ارسال کریں۔


پراجیکٹ مینجر

معیار کی تصدیق وتوثیق پر مالی معاونت کا پروگرام (وزارت سائنس وٹیکنالوجی)

1۔ شاہراہ دستور، سیکٹر G-5/2 اسلام آباد۔

**Tel. No. 051-9216930**
**Project Website: www.cipmost.gov.pk**
**Email: pmcipmost@gmail.com**